© rasailojaraid.com



بقیہ اشارات :۔ ج۔ پندرھویں صدی کے افتتاح کے موقعے پر چند ایسے وظائف کا اجراء کیا جائے جو گریجوایشن کے درجے کے غریب مگر قابل طلبہ کو دیئے جائیں۔ نیز اسلام کے لیئے علمی و ادبی کام کرنے والے بعض ایسے بزرگوں کو جو ساٹھ سال کی عمر سے تجاوز کر چکے ہوں۔ یا کسی حادثے یا بیماری کی وجہ سے معذور ہو گئے ہوں، خصوصی اعزازی پنشنیں دینے کا اعلان کیا جائے۔

د۔ ختم ہونے والی صدی کی چند بہترین کتابوں پر خصوصی انعامات دیئے جائیں جو اسلام کے فروغ کے لیئے لکھی گئی ہوں۔ اور جنہیں ایسے افراد کا بورڈ پاس کرے جس میں علماء اور جدید اہلِ فکر دونوں شامل ہوں۔

ہمارا سرمایۂ ماضی قابلِ فخر ہے اور ہم مستقبل کے دروازے پر دستک دیتے ہوئے خدا سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں فکر اسلامی اور اخلاق اسلامی اور اتحاد اسلامی سے بہرہ اندوز فرماکر اس امر کا موقع دے کہ ہم عالم اسلام میں جا بجا نظام اسلامی کا احیاء کر کے جہاں اپنی فلاح کا سامان کریں، وہاں پوری دنیائے انسانیت کو حقیقی امن اور عدل کا راستہ دکھانے کا ذریعہ بنیں۔ آمین۔

---


## خریدار تفہیم القرآن توجہ فرمائیں

تفہیم القرآن جلد اوّل ایڈیشن سولہواں جون ۱۹۷۶ء میں صفحہ ۵۴۴ دو دفعہ چھپ گیا ہے۔ اب اس کی تصحیح کے لیے ادارہ ہذا نے الگ سے صفحہ چھپنے کا انتظام کیا ہے۔ جن حضرات کے پاس مذکورہ ایڈیشن ہے۔ وہ خط لکھ کر منگوالیں


© rasailojaraid.com